**02.03.2025**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں مہتاب عالم
Music

.......................................................................

☆ ممبئی کی انسدادِ بدعنوانی کی ایک خصوصی عدالت نے شیئر بازار میں مبینہ دھوکہ دہی اور ضابطوں کی خلاف ورزیوں کے ایک معاملے میں SEBI کی سابق چیئرپرسن Madhabi Puri Buch اور دیگر سینئر افسران کے خلاف FIR درج کرنے کا حکم دیا ہے۔
☆ اتراکھنڈ کے چمولی ضلع میں برف کے تودے کھسکنے کے واقعے میں بچاؤ کارروائی مکمل ہوگئی ہے۔ آٹھ ورکروں کو مردہ قرار دیا گیا ہے جبکہ 46 افراد کو بچا لیا گیا ہے۔
☆ یوروپی رہنماؤں اور یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلنسکی لندن میں یوکرین بحران اور بحرِ اوقیانوس خطے کے ملکوں کی سکیورٹی تعلقات کے سلسلے میں بات چیت کر رہے ہیں۔
☆ اسرائیل نے کہا ہے کہ جب تک کہ حماس امریکی حمایت یافتہ جنگ بندی معاہدے کی توسیع پر رضامند نہیں ہوجاتا، تب تک کیلئے اُس نے غزہ میں ہر طرح کی انسانی امداد روک دی ہے۔
☆ اور کرکٹ میں، دوبئی میں مردوں کے ICC چمپئنز ٹرافی میں بھارت نے نیوزی لینڈ کے سامنے جیت کیلئے 250 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

.......................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**Mumbai SEBI**

ممبئی میں انسدادِ بدعنوانی کی ایک خصوصی عدالت نے شیئر بازار میں مبینہ دھوکہ دہی اور انضباطی خلاف ورزیوں سے متعلق ایک معاملے میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا SEBI کی سابق چیئرپرسن Madhabi Puri Buch سمیت سینئر افسران کے خلاف FIR درج کرنے کا حکم دیا ہے۔ خصوصی عدالت کے جج SE Bangar نے یہ حکم تھانے میں مقیم صحافی Sapan شریواستو کے ذریعے دائر کی گئی ایک عرضی کی سماعت کرتے ہوئے دیا ہے۔ عدالت نے مزید کہا کہ وہ تحقیقات کی نگرانی کرے گی۔ عدالت نے متعلقہ حکام کو اِس معاملے پر صورتحال سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت دی۔ شکایت میں SEBI کے افسران پر بازار میں ہیراپھیری کی سہولت فراہم کرنے کا الزام لگایا گیا ہے۔

اس میں مزید کہا گیا ہے کہ ایسی کمپنیوں کی فہرست سازی کی اجازت دی گئی جو مقررہ اصول وضوابط پر پورا نہیں اترتیں۔ اس طرح کارپوریٹ دھوکہ دہی کی گئی۔ درخواست گزار کا دعویٰ ہے کہ SEBI کو اپنی قانونی ذمے داری کو پورا کرنے میں ناکامی کی وجہ سے مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ Bombay اسٹاک ایکسچینج BSE بھی اِن الزامات میں شامل ہے۔ SEBI نے وضاحت کی ہے کہ FIR میں سابق چیئرپرسن Madhabi Puri Buch موجودہ کُل وقتی تین ممبران اور BSE کے دو افسران سمیت، جن افسران کو نامزد کیا گیا ہے وہ اُس وقت اپنے عہدے پر نہیں تھے۔ عدالت نے SEBI کو اطلاع دیئے بغیر یا اُسے حقائق پیش کرنے کی اجازت دیئے بغیر یہ درخواست منظور کرلی۔ SEBI نے حکم کو چیلنج کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور کہا ہے کہ وہ ضابطوں کی تعمیل کیلئے عہد بستہ ہے۔x

## Uttarakhand Rescue

اتراکھنڈ میں چمولی ضلعے کے مانا گاؤں کے نزدیک برف کے تودے کھسکنے کی وجہ سے BRO کیمپ میں پھنسے ہوئے کارکنوں کو باہر نکالنے کے تیسرے دن بچاؤ ٹیم نے چار لاپتہ ورکروں کی لاشیں برآمد کی ہیں۔ اِس کے ساتھ ہی تین دنوں سے جاری بچاؤ کارروائیاں ختم ہوگئی ہیں۔ اِس حادثے میں کل 8 لوگ ہلاک ہوگئے ہیں۔ 46 ورکر، جو برف کے تودے میں پھنسے ہوئے تھے، انہیں بحفاظت بچا لیا گیا ہے اور ان کا علاج چل رہا ہے۔ کُل 54 ورکر اس حادثے کا شکار ہوئے تھے۔ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کہا کہ چیلنجوں سے بھری یہ کارروائی، سرکار، انتظامیہ، فوج اور دیگر بچاؤ ٹیموں کے مشترکہ تعاون سے انجام دی گئی ہے۔

S/B: Pushkar Singh Dhami

جمعہ کی صبح کو مانا گاؤں کے قریب زیرتعمیر سڑک میں کام کر رہے 54 ورکر، برف کے تودوں کی زد میں آکر برف میں پھنس کر رہ گئے تھے۔x

## PM - Gujarat

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے گجرات دورے کے دوسرن دن آج جام نگر اور سومناتھ میں کئی پروگراموں میں شرکت کی۔ آج صبح وزیر اعظم مودی نے Vantara کا دورہ کیا، جو جام نگر ضلعے میں جانوروں کو بچانے، انہیں محفوظ رکھنے اور اُن کی بازآباد کاری کیلئے بنایا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے سومناتھ مندر میں پوجا ارچنا کی۔ اس کے بعد شام میں جناب مودی Sasan گیر پہنچے، جہاں وہ شری سومناتھ ٹرسٹ کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ جناب مودی ٹرسٹ کے صدرنشیں بھی ہیں۔ وزیر اعظم کل صبح گیر نیشنل پارک میں جنگل سفاری کریں گے۔ جناب مودی Sasan کے مقام پر جنگلی جانوروں سے متعلق قومی بورڈ کی ساتویں میٹنگ کی صدارت بھی کریں گے۔ اِس میٹنگ میں جنگلی جانوروں سے متعلق قومی سطح کے معاملات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ وزیر اعظم اس بورڈ کے چیئرمین بھی ہیں۔

## Amit Shah Drugs

وزیر داخلہ امت شاہ نے منشیات سے پاک بھارت بنانے کیلئے منشیات کے اسمگلروں کے خلاف کارروائی تیز

کرنے کا عہد کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ ملک میں 12 مختلف کیسوں میں عدالت نے منشیات کے 29 اسمگلروں کو قصوروار ٹھہرایا ہے اور ایسا تفصیلی اور ٹھوس چھان بین کے بعد ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نریندر مودی سرکار منشیات کے اسمگلروں کو سزا دینے کا کام کررہی ہے، جو روپے پیسے کی خاطر نوجوانوں کو نشے کی لت کی طرف گھسیٹتے ہیں۔ جناب امت شاہ نے ملک سے منشیات کے خاتمے کیلئے مکمل تحقیقات کے ساتھ منشیات کی لعنت کے خلاف کارروائی جاری رکھنے کا عہد کیا۔ x

## Ramzan

پورے ملک میں رمضان کا ماہِ مبارک آج سے شروع ہوگیا ہے۔ رمضان کے آغاز کے موقع پر کل رات لوگوں نے مساجد میں کثیر تعداد میں تراویح کی نماز ادا کی، جو پورے ماہ جاری رہے گا۔ رمضان المبارک اسلامی کلینڈر کا نواں مہینہ ہے۔ رمضان المبارک کے ختم ہونے کے بعد عید الفطر منائی جاتی ہے۔

اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے تمام لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ مقدس مہینہ معاشرے میں امن اور ہم آہنگی لائے گا۔ خلیجی ملکوں میں رمضان کے مہینے کا آج دوسرا روزہ تھا۔ x

## India-Poverty

ایک شائع شدہ جائزے کے مطابق گزشتہ دہائی کے دوران بھارت کے اندر غربت میں نمایاں طور پر کمی آئی ہے۔ سرجیت ایس بھلاّ اور Karan Bhasin نے اپنے تحقیقی مطالعے میں 23-2022 اور 24-2023 کے حال ہی میں جاری کئے گئے گھریلو اخراجات کے اعداد وشمار کا تجزیہ کیا ہے۔ سروے کے اعداد وشمار پتہ چلتا ہے کہ ملک کے اندر غربت میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔ اِس جائزے میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ملک میں انتہائی غربت، قابل ذکر حد تک ختم ہوگئی ہے۔ اس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 12-2011 سے 24-2023 کے دوران گزشتہ بارہ برسوں کے دوران بھارت میں عدم مساوات میں تیزی سے کمی آئی ہے۔ x

## NHRC MEA Programme

انسانی حقوق کا قومی کمیشن، وزارت خارجہ کے اشتراک سے کل نئی دلّی میں انسانی حقوق سے متعلق بھارتی تکنیکی اور اقتصادی تعاون-آئی ٹی ای سی ایگزیکیٹو صلاحیت سازی کے 6 روزہ پروگام کا آغاز کرے گا۔ کل، عالمی جنوب کے انسانی حقوق کے قومی اداروں کے اعلیٰ افسران کیلئے 6 روزہ پروگرام کا آغاز ہوگا۔ اس پروگرام کا مقصد انسانی حقوق، بین الاقوامی منظر ناموں اور این ایچ آر سی کے تجربے کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے تاکہ شرکاء میں بیداری بڑھائی جاسکے۔

اس پروگرام کا مقصد جامع صلاحیت سازی اور تجربات شیئر کرکے جنوب سے جنوب کے باہمی تعاون کو مستحکم کرنا، اشتراک اور رابطوں کو بڑھانا اور حقوق انسانی کے تحفظ کے نظام کو بہتر بنانا ہے۔

حقوق انسانی کے چیئرپرسن جسٹس وی راما سبرامنیم، اس پروگرام کا افتتاح کریں گے۔ توقع ہے کہ اس پروگرام میں عالمی جنوب کے 14 ملکوں کے NHRIs کے تقریباً 47 شرکاء شرکت کریں گے۔ x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کل جموں و کشمیر، لداخ اور ہماچل پردیش میں شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمے کے مطابق گلگت،بلتستان، مظفر آباد، پنجاب اور اتراکھنڈ کے کچھ علاقوں مین شدید بارش کے ساتھ ساتھ گرج چمک اور ژالہ باری کا امکان ہے۔IMD نے کہا ہے کہ کرناٹک کے ساحلی خطے میں کل پورے دن گرمی کے حالات رہیں گے۔IMD نے کہا کہ اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران وسطی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔x

## Israel Gaza Ceasefire

اسرائیل نے آج کہا ہے کہ جب تک کہ حماس امریکی حمایت یافتہ جنگ بندی معاہدے کی توسیع پر رضامندی ظاہرنہیں کرتا، تب تک کیلئے اُس نے غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر جانے والی تمام امداد کو روک دیا ہے۔ اسرائیل کے وزیراعظم بنجامین نیتن یاہو کے دفتر نے کہا ہے کہ وہ اسلامی مقدس مہینہ رمضان المبارک اور یہودی تعطیل پاس اُووَر کے دوران موجودہ جنگ بندی کو عارضی طور پر توسیع دینے کی امریکی تجویز کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ نیتن یاہو کے دفتر نے خبردار کیا ہے کہ اگر حماس امریکی تجویز کوٹھکراتا ہے تو اُسے مزید سنگین نتائج بھگتنے ہوں گے۔دوسری طرف حماس نے اسرائیل پر موجودہ جنگ بندی معاہدے میں رخنہ ڈالنے کا الزام لگایا ہے۔ حماس کا الزام ہے کہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دی جانے والی امداد کو روکنے کا اسرائیل کا فیصلہ نہایت غیرمناسب اور ایک جنگی جرم ہے۔ اسی طرح یہ ایک برس سے زیادہ عرصے تک جاری رہنے والے مذاکرات کے بعد جنوری میں ہوئے جنگ بندی معاہدے کی صریح خلاف ورزی بھی ہے۔ اس دوران، اسرائیل اور حماس کے درمیان اہم ثالثی کرنے والے مصر نے انسانی امداد روکنے کی سخت مذمت کی ہے اور اسرائیل پر بھکمری کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا الزام لگایا ہے۔مصر کے وزیر خارجہ بدر Abdelatty نے موجودہ جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کے فوی نفاذ کی اپیل کی ہے۔x

## Pak Afg Deportation

انسانی حقوق اور پناہ گزینوں کی وکالت کرنے والے گروپوں کے اتحاد نے پاکستان سے کہا ہے کہ وہ جبراً افغان مہاجروں کو ملک سے باہر کرنے کے عمل پر روک لگائے اور کہا کہ یہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ ایک کھلے مراسلے میں اس نے بڑے پیمانے پر کی جانے والی گرفتاریوں اور ملک سے باہر کرنے کے عمل کی مذمت کی ہے اور خبردار کیا کہ کئی افغان اس طرح کی ظلم وستم سے بھاگ گئے ہیں۔ پاکستان نے افغان مہاجروں کیلئے 31 مارچ 2025 آخری تاریخ مقرر کی ہے کہ وہ یا تو رضاکارانہ طور پر اس مدت کے دوران ملک چھوڑ کر چلے جائیں یا ملک بدری کا سامنا کریں۔ علاوہ ازیں کئی افغان، امریکہ، جرمنی اور آسٹریلیا جیسے ملکوں میں دوبارہ آباد کئے جانے کے منتظر

ہیں۔اتحاد نے ویزا فیس بڑھانے، پولیس کے ذریعہ کارکنان کو گرفتار کئے جانے اور بچوں کو کسی ذمے دار شخص کی معیت کے بغیر ملک سے باہر کرنے کی بھی مذمت کی ہے۔ حاملہ خواتین اور معذور افراد بھی اس طرح کے حالات سے دوچار ہیں۔x

## Europe Meet On Ykraine

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer لندن میں یوکرین کیلئے امریکی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی سمیت یوروپی رہنماؤں کی میزبانی کر رہے ہیں۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق یوروپی رہنما، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرین کے صدر زیلنسکی کے درمیان Oval آفس میں بحث وتکرار کے بعد بحرِاوقیانوس خطے کے ملکوں کے بگڑتے ہوئے سکیورٹی تعلقات پر بھی بات چیت کر رہے ہیں۔ لندن میں ہونے والی میٹنگ میں فرانس اور جرمنی کے ساتھ ترکی، NATO اور یوروپی یونین سمیت پورے یوروپ کے رہنماؤں کو ایک منصفانہ اور پائیدار امن کے حصول کیلئے اکٹھا کیا گیا ہے۔ اس سے قبل، برطانوی وزیر اعظم Starmer نے کہا تھا کہ برطانیہ، فرانس اور یوکرین، امریکہ کو پیش کرنے کیلئے جنگ بندی کے منصوبے کا ایک مسودہ تیار کریں گے۔

کل اِسی سلسلے میں Starmer اور زیلنسکی نے روسی حملوں کے خلاف یوکرین کے دفاع کو تقویت فراہم کرنے کیلئے دو ارب 80 کروڑ ڈالر کے قرض کے معاہدے پر دستخط کئے۔x

## US Nato & UN Withdrawal

یوکرین کے تنازع پر امریکہ اور اس کے یوروپی اتحادیوں کے درمیان ابھرتے ہوئے اختلافات کے دوران، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے قریبی مشیر اور حکومت کی کارکردگی کے محکمے کے سربراہ ایلن مسک نے آج عوامی طور پر NATO اور اقوام متحدہ سے امریکہ کے باہر نکل جانے کی حمایت کی ہے۔ میک امریکہ گریٹ Again کے سرگرم کارکن Gunther Eagleman کے ذریعے ایکس پر کئے گئے ایک پوسٹ پر اپنا ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے مسک نے کہا کہ وہ اس بات پر پوری طرح متفق ہیں کہ امریکہ کیلئے NATO اور اقوام متحدہ کو چھوڑنے کا وقت آگیا ہے۔ یہ پہلی بار نہیں ہے کہ جب مسک نے NATO میں امریکہ کی شمولیت پر سوال اٹھائے۔ گذشتہ ماہ ہی انھوں نے اِسے ایک غلطی اور سرد جنگ کے بعد کے دور میں غیرمتعلق قرار دیا تھا۔ٹرمپ نے بھی NATO کی تنقید کی ہے اور رکن ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے دفاعی اخراجات میں اضافہ کریں۔ انھوں نے اس بنیاد پر NATO سے نکل جانے کی دھمکی بھی دی ہے کہ یوروپی ملکوں کی سکیورٹی کیلئے سارا مالی اخراجات امریکہ کو ہی برداشت کرنا پڑتا ہے۔x

## Ind Vs NZ Cricket

آئی سی سی چمپئنز ٹرافی میں آج دبئی میں گروپ۔A کے فائنل میچ میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو رہا ہے۔ بھارت نے نیوزی لینڈ کے سامنے جیت کیلئے 250 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

آخری خبریں ملنے تک نیوزی لینڈ کی ٹیم نے 42 اوورس میں 4 وکٹ پر 146 رن بنا لئے تھے۔

نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ بھارتی ٹیم نے مقررہ 50 اوورس میں 9 وکٹ پر 249 رن بنائے۔ بھارت کی طرف شریاس Iyer نے سب سے زیادہ 79 رن بنائے، جبکہ نیوزی لینڈ کی طرف سے Matt Heury نے پانچ وکٹ لئے۔ x

☆☆☆☆☆☆